# 30-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی اسمبلی کا اجلاس جوبلی ہلز کے رکن اسمبلی ماگنٹی گوپی ناتھ کی تعزیتی قرارداد منظور کرنے کے بعد ملتوی کردیا گیا۔

۲۔ ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ اسمبلی میں کل سے کالیشورم پراجیکٹ پر بحث ہوگی۔

۳۔ کابینہ نے پنچایت انتخابات کرانے اور آئندہ بلدیاتی انتخابات میں پسماندہ طبقات (بی سی) کے لیے 42 فیصد ریزرویشن دینے کا بھی فیصلہ کیا۔

۴۔ ریاستی وزیر برائے پنچایت راج سیتااکا نے آج کاماریڈی ضلع میں ایس پی آفس میں سیلاب کی صورتحال پر جائزہ اجلاس منعقد کیا۔

ACB

تلنگانہ اینٹی کرپشن بیورو (اے سی بی) نے آج کھمم ضلع کے کونی جرلہ منڈل کے اماپالم میں واقع اقلیتی ریزیڈنشیل اسکول اینڈ کالج فار بوائز پر اچانک چھاپہ مارا۔ اے سی بی کی ٹیم کے ساتھ انسپکٹر لیگل میٹرولوجی، سینٹری انسپکٹر، فوڈ انسپکٹر اور آڈیٹر بھی شامل تھے تاکہ طلبہ کو فراہم کئے جانے والے کھانے کے معیار و مقدار، صفائی کے انتظامات، طلبہ کی حاضری اور دیگر ریکارڈس کا جائزہ لیا جاسکے۔ تلاشی کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ بیت الخلاء کی دیکھ بھال درست نہیں ہے، کمرے اور احاطہ بھی غیر معیاری حالت میں ہیں اور رجسٹرس کی مناسب دیکھ بھال بھی نہیں ہو رہی ہے۔ اس سلسلہ میں حکومت کو رپورٹ روانہ کی جارہی ہے تاکہ متعلقہ عہدیداروں کے خلاف ضروری کارروائی کی جاسکے۔

HARISH RAO

سابق وزیر اور بی آر ایس رکن اسمبلی ہریش راؤ نے آج ہائی کورٹ میں ایک درخواست داخل کی جس میں جسٹس گھوش کمیشن کی رپورٹ پر عمل درآمد روکنے کی استدعا کی گئی۔ یہ رپورٹ 15 ماہ کی تحقیقات کے بعد پیش کی گئی ہے جس میں کالیشورم پراجکٹ کے میڈی گڈہ، انارم اور سندیلا بیاریجس کی منصوبہ بندی، ڈیزائن اور تعمیر میں سنگین بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی۔ ہریش راؤ نے عدالت سے گزارش کی کہ کمیشن کی رپورٹ کی بنیاد پر کوئی کارروائی نہ کی جائے۔انہوں نے کہا کہ اس پر کوئی قدم نہ اٹھایا جائے جب تک ہائی کورٹ حتمی فیصلہ نہ دے دے۔

WEATHER

محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست کے اضلاع کومرم بھیم آصف آباد، منچر یال اور جئے شنکر بھوپال پلی میں کل شدید بارش ہونے کا خدشہ ہے۔روزانہ کے موسمیاتی بلیٹن میں بتایا گیا کہ آئندہ پانچ دنوں تک تلنگانہ کے مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں اور بارش ہوسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق جنوب مغربی مانسون ریاست میں معمول کے مطابق سرگرم ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے کئی مقامات پر بارش ریکارڈ کی گئی۔

KOMAT REDDY

ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ اسمبلی میں کل سے کالیشورم پراجیکٹ پر بحث ہوگی۔انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ کو اس پراجیکٹ پر وضاحت دینی ہوگی کیونکہ انہوں نے کالیشورم کو ایک شاہکار قرار دیا تھا۔اس دوران وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی اسمبلی کے پہلے اجلاس میں کل صبح کالیشورم کمیشن کی رپورٹ پیش کریں گے۔

ALIMCO SUMMIT

وزارتِ سماجی انصاف وتفویض اختیاراتِ نے آج نئی دہلی میں (ALIMCO) کے تعاون سے سنر جی سمٹ کا انعقاد کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ادارہ کے چیرمین و منیجنگ ڈائرکٹر پروین کمار نے کہا کہ اس وقت 78 پی ایم ڈی کے مراکز سرگرم ہیں اور ادارہ مزید مراکز کھولنے کا منصوبہ رکھتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 2029 تک ملک کے مختلف حصوں میں ایسے مراکز کی تعداد کو بڑھا کر 300 تک لے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے تا کہ یہ 100 کلومیٹر کے دائرے میں خدمات فراہم کر سکیں۔ کمار نے آسرا سروس مراکز کے کام کا بھی ذکر کیا جو معذور افراد کو بعداز سہولیات مہیا کرتے ہیں۔

ARREST

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (مارکسسٹ) کے ریاستی سکریٹری جان ویزلی کو آج چلو اسمبلی احتجاج سے قبل حیدرآباد میں نظر بند کر دیا گیا۔ پولیس نے انہیں اسمبلی میں اناجی پور اراضی تنازعہ پر ہونے والے احتجاج میں شریک ہونے سے روک دیا۔ اس احتجاج کا مقصد تلنگانہ حکومت پر دباؤ ڈالنا تھا تا کہ معاملے کو حل کیا جائے اور مقامی غریب عوام کے حقوق کا تحفظ کیا جا سکے۔ یہ تنازعہ رنگاریڈی ضلع میں واقع اناجی پور کی اراضی سے متعلق ہے جو راموجی فلم سٹی کے قریب ہے۔ سی پی ایم کا الزام ہے کہ یہ اراضی دراصل ان غریب کسان خاندانوں کی ہے جو برسوں سے اس کی کاشت کررہے ہیں۔

TRAFFIC

سائبرآباد ٹریفک پولیس نے آج اعلان کیا کہ نیشنل ہائی وے 44 (ناگپور شاہراہ) پر شدید بارش سے متاثرہ راستے کی وجہ سے عائد کی گئی ٹریفک کے رخ کی منتقلی کو واپس لے لیا گیا ہے۔ قبل ازیں میڑچل کے قریب اورآرآر ایگزٹ 6 اور پلر نمبر 57 پر ڈائیورشن چیک پوسٹ قائم کئے گئے تھے

کیونکہ شدید بارش سے کاماریڈی، ڈچپلی اورآرمور کے درمیان ہائی وے کے کئی حصے شدید طور پر متاثر ہوئے تھے۔تازہ اطلاع میں سائبرآباد ٹریفک پولیس نے بتایا کہ نیشنل ہائی وے حکام نے مرمت مکمل کرکے ناگپور کی سمت جانے والا راستہ بحال کردیاہےاوراب ٹریفک کی آمدورفت محفوظ ہے۔

## INSPECTION

چائلڈ رائٹس کمیشن نے آج اچانک مانا ٹرسٹ کا معائنہ کیا، جوگریٹر حیدرآباد کے علاقہ میں 970 سے زائد سرکاری اسکولوں کو مڈ ڈے میل فراہم کرتا ہے۔کمیشن نے ادارہ کے کام کاج میں کئی بے ضابطگیاں پائیں۔معائنہ کے دوران کھانے کی تیاری، کچن کی صفائی، برتنوں کی دیکھ بھال، چاول اوردیگراجناس کی ذخیرہ اندوزی اورروزانہ کے ریکارڈ کی نگرانی کا جائزہ لیا گیا۔بچا ہوا کھانا تلف کرنے کے عمل، کیڑوں پرقابو پانے، کھانے کی صفائی اوراستعمال ہونے والے برتنوں کے معیار کی بھی جانچ کی گئی۔کمیشن کے ارکان نے مشاہدہ کیا کہ کھانے کی تیاری کا ماحول مکمل طور پر صاف نہیں تھا،ریکارڈ درست طور پرنہیں رکھے جارہے تھےاورکم عمر بچے بھی کام کرتے پائے گئے۔

## IIT-H AND ARMY:

آئی آئی ٹی حیدرآباد نے فوجی ٹریننگ کمانڈ،شملہ کے ساتھ ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کیے ہیں جس کی نمائندگی سکندرآباد میں قائم سیمیو لیٹرڈیولپمنٹ ڈویژن نے کی۔اس معاہدے کا مقصد وِگراہا کے نام سے ایک سنٹرآف ایکسیلنس قائم کرنا ہے جوورچوئل،انٹیلیجنٹ اور جدید تحقیقی کاموں پرمبنی ہوگا۔اس کے تحت اے آر، وی آر، مصنوعی ذہانت، روبوٹکس، بغیر پائلٹ کے نظام اوردیگر جدیدٹکنالوجیز پرتحقیق وترقی کی جائے گی تاکہ انہیں ہندوستانی مسلح افواج کے لئے استعمال کیا جا سکے۔اس موقع پرآئی آئی ٹی حیدرآباد کے ڈائرکٹر پروفیسر بی ایس مُرتی نے کہا کہ وِگرہا دفاعی ٹکنالوجیز میں آتمانربھر بھارت کے وژن کوحقیقت کا روپ دینے میں ایک اہم قدم ثابت ہوگا۔

ASSEMBLY

ریاستی اسمبلی کا اجلاس جوبلی ہلز کے رکن اسمبلی ماگنٹی گوپی ناتھ کی تعزیتی قرارداد منظور کرنے کے بعد ملتوی کردیا گیا۔گوپی ناتھ 8 جون کو چل بسے تھے۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اجلاس کے پہلے دن چھٹویں سیشن کے دوران قرارداد پیش کی اور آنجہانی کے طویل سیاسی سفر کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ ان کی موت خاندان اور حلقہ کے لیے ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔وزیراعلیٰ نے خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ گوپی ناتھ،این ٹی راما راؤ کے کٹر حامی تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ گوپی ناتھ لگاتار تین بار جوبلی ہلز سے ایم ایل اے منتخب ہوئے اور اختلافِ رائے کے باوجود ان سے قریبی تعلق رکھتے تھے۔بھارت راشٹرا سمیتی کے سرسلہ کے ایم ایل اے کے ٹی راما راؤ نے ایوان میں کہا کہ انہوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ انہیں اپنے اس ساتھی کے لیے تعزیتی کلمات ادا کرنے پڑیں گے جو اپنی بیماری چھپائے رکھتے ہوئے آخری وقت تک اپنے حلقے کے عوام کے لیے کام کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ جوبلی ہلز کو اکثر امیروں کا حلقہ سمجھا جاتا ہے،لیکن یہاں کچی بستیاں بھی ہیں اور گوپی ناتھ ہمیشہ غریبوں کے ساتھ کھڑے رہے۔وزراء ڈی سریدھر بابو، ٹی ناگیشورا راؤ، پونّم پربھاکر، بی آر ایس کے اراکین اسمبلی ٹی سرینواس یادو اور ویمولا پرشانت ریڈی، بی جے پی کے وینکٹ رمنا ریڈی سمیت دیگر نے بھی خراج عقیدت پیش کیا اور گوپی ناتھ کو ایک نیک دل اور عوام سے جڑے رہنما کے طور پر یاد کیا۔

CABINET:

ریاستی کابینہ نے آج پروفیسر کودنڈا رام اور سابق کرکٹر محمد اظہر الدین کے نام گورنر کے کوٹہ کے تحت قانون ساز کونسل کے لیے نامزدگی کے طور پر منظور کردئے۔ یہ فیصلہ اس وقت سامنے آیا جب سپریم کورٹ نے حال ہی میں کودنڈا رام اور عامر علی خان کی کونسل میں سابقہ نامزدگیوں کو کالعدم قرار دیا

تھا۔ کابینہ نے پنچایت انتخابات کرانے اور آئندہ بلدیاتی انتخابات میں پسماندہ طبقات (بی سی) کے لیے 42 فیصد ریزرویشن دینے کا بھی فیصلہ کیا۔ حیدرآباد میں میڈیا کو کابینہ کے فیصلوں سے واقف کرتے ہوئے وزراء پونم پربھاکر اور پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل (ایس سی اور ایس ٹی) کے لیے ریزرویشن 2001 کی مردم شماری کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

Sound Byte

کابینہ نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ 2023 سے بقایا دھان کی واجب الادا رقم رائس مل مالکان سے وصول کی جائے گی۔ کابینہ نے جدید ٹکنالوجی اور اوزار اپنانے کے ساتھ ساتھ مرکز کی جانب سے آبپاشی منصوبوں کے لیے نیشنل ہائیڈرولوجی میژرز کی ہدایات پر عمل کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔

Sound Byte.

SEETHAKKA:

ریاستی وزیر برائے پنچایت راج سیتا اکا نے آج کاماریڈی ضلع میں ایس پی آفس میں سیلاب کی صورتحال پر جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر سیتا اکا نے کہا کہ حکام نے ہم آہنگی کے ساتھ کام کیا جس سے یلاریڈی اور کاماریڈی کے حلقوں میں بادل پھٹنے سے پیدا ہونے والے سیلاب کے نتیجے میں جان و مال کے بڑے نقصان کو مؤثر طریقے سے روکا گیا۔ انہوں نے 300 طلباء کو ایک ہاسٹل میں پھنسنے کے بعد بچانے اور پوچارم ڈیم کے زیرِ آب آنے سے متاثرہ 14 دیہاتوں سے رات بھر کے دوران لوگوں کے انخلا کو سراہا۔ وزیر نے بتایا کہ ضلع میں دو افراد ہلاک اور ایک شخص لاپتہ ہوا۔ انہوں نے حکام کو فوری طور پر تباہ شدہ سڑکوں اور تالاب کے پشتوں کی مرمت کرنے کی ہدایت دی۔ وزیر نے بحران سے نمٹنے میں ضلعی انتظامیہ کی کوششوں کو سراہا۔

OO